Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

جلد ۴۳	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	نمبر ۲

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم) واقع ۸ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

Her Royal Highness Princess Louise Victoria Alexandra Dagmar.

گورنمنٹ آف انڈیا کے غیر معمولی گزٹ کے ذریعہ سے اطلاع ملی ہے کہ ہر رائل ہائنس پرنسس لوئیس وکٹوریہ الگزنڈرا ڈاگمار پرنسس رائل ڈچیز آف فائف کا انتقال ہو گیا۔ یہ خبر سرکار بدولت و اقبال کو نہایت درجہ ملال ہوا۔

حکم دیا جاتا ہے کہ ہماری فوج کے جملہ کمیشنڈ افسران جب وردی پہنیں سیاہ کریپ بینڈ (Crepe band) اپنے دست چپ پر لگائیں۔ کورٹ مورننگ (Court mourning) کی میعاد چھ ہفتہ قرار دی گئی ہے۔ لہذا چھ ہفتہ تک کریپ بینڈ لگایا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو کر لکھا جائے کہ اصل روبکار آرمی ہیڈ کوارٹرز کو بھیجدیا جائے۔ ایک نقل اس روبکار کی برائے اطلاع عام فوراً غیر معمولی گزٹ کے ذریعہ سے شائع کرا دیجائے۔ اور ایک نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھی بھیجدیجائے۔

حسب منشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم اصل روبکار آرمی ہیڈ کوارٹرز کو مرسل ہو۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی برائے اندراج گزٹ غیر معمولی صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔

۸ جنوری سنہ ۱۹۳۱ عیسوی

دستخط

صاحب چیف منسٹر بہادر